اخبار الجامعة والجماعة

جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے ششماہی امتحانات اور تعطیلات کا اعلان

جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے شعبہ درس نظامی کے ششماہی امتحان مورخہ 21 اکتوبر بروز بدھ کو شروع ہوئے اور 29 دسمبر تک جاری رہے، اس سے پہلے شعبہ حفظ کے امتحان کے لیے سابقہ روایات کے مطابق امام القراء قاری المقریٔ فضیلۃ الشیخ محمد ادریس العاصم حفظہ اللہ تشریف لائے ،طلبائے درس نظامی کے لیے 30 دسمبر بروز جمعہ سے لے کر 7 دسمبر بروز جمعہ کی شام تک تعطیلات کا اعلان کر دیا گیا ہے۔

جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں درس قرآن وحدیث

مورخہ 11 نومبر بروز سوموار جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں ماہانہ تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا۔ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبد الغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) نے ''ہم بچوں کی تربیت کیسے کریں؟'' کے موضوع پر مدلل درس دیا جس میں پوران کے مقامی احباب نے شرکت کی۔

مولانا مقصود احمد سلفی کو صدمہ

مورخہ 25 نومبر بروز اتوار جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مدرس مولانا مقصود احمد سلفی کے والد قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ ، تلاوت قرآن کے پابند اور بااخلاق وملنسار انسان تھے۔ جنازے میں نائب مدیر الجامعہ حافظ عبد الغفور مدنی ،مولانا عکاشہ مدنی اور مولانا نوید احمد بشار نے شرکت کی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر، حافظ احمد حقیق اور مولانا قطب شاہ نے مسجد نبوی شریف میں مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی، جس میں مدینہ یونیورسٹی کے چند طلبا بھی شریک ہوئے۔

مولانا ابوبکر یزدانی (آف میرپور) کو صدمہ

مورخہ 26 نومبر بروز سوموار جامعہ علوم اثریہ جہلم کے فاضل مولانا ابوبکر یزدانی آف میرپور کے والد قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ ، تلاوت قرآن کے پابند اور بااخلاق وملنسار انسان تھے۔ جنازے میں نائب مدیر الجامعہ حافظ عبد الغفور مدنی ، مدیر التعلیم حافظ محمد عبد اللہ، مولانا سعد محمد مدنی اور قاری غلام رسول نے شرکت کی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر، حافظ احمد حقیق اور مولانا قطب شاہ نے مسجد نبوی شریف میں مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی، جس میں مدینہ یونیورسٹی کے چند طلبا بھی شریک ہوئے۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)